جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو کیونکہ جس کی آمین ملائکہ کی آمین کے موافق ہو جاتی ہے اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں

ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو کیونکہ جس کی آمین ملائکہ کی آمین کے موافق ہو جاتی ہے اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں“
[صحیح] [متفق علیہ]

نبی ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ جب امام آمین کہے تو ہم بھی آمین کہیں کیونکہ یہی وہ وقت ہوتا ہے جب فرشتے آمیں کہتے ہیں اور جس کی آمین فرشتوں کی آمین کے موافق ہو گئی اس کے گزشتہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5844